© rasailojaraid.com

# لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

علیم ناصری

کسی کو قادرِ کل کے نظامِ قدرت میں کچھ اختیار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

وہ کارسازِ خلائق ہے اور کوئی اس کا شریکِ کار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

محاسن اور شمائل اسی کے ہیں جن کا کوئی شمار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

وہ یاور اور مددگارِ کائنات ہے خود یہ اس پہ بار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

یہ کارگاہِ خلائق رواں دواں ہے مدام اسے قرار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

نجوم و مہر و مہ و آسماں ہیں اس کے مطیع یہ بے مہار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

پسر کسی کا نہیں وہ ، نہ کوئی اس کا پسر عیال دار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

نجات پائے نہ توبہ سے بھی کوئی ایسا گناہ گار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

سوائے اس کے جھکے سر یہ غیر کے آگے مرا شعار نہیں ، لَا اِلٰہ اِلَّا اللّٰہ

© rasailojaraid.com